© rasailojaraid.com



دیگر کے قلم سے سامنے آئے۔ تیسری جلد میں مذکورہ پرچے کی عمومی فکر کا تجزیہ پیش کیا گیا ہے۔

کتاب کے مطالعے سے منکرینِ حدیث کی علمی و تحقیقی خیانت پوری وضاحت کے ساتھ سامنے آجاتی ہے۔ اس فکر کے نمایندوں کی حدیث اور دیگر عربی عبارتوں میں قطع و برید کے ذریعے اپنے موقف کو حق ثابت کرنے کی تحقیقی مساعی کا پول مؤلف نے اصل مآخذ سے تقابل کر کے کھول دیا ہے۔ ان اصحاب کی تحریروں کے بین السطور جو مفہوم قاری کے ذہن میں پختہ کرنا مقصود تھا، مصنف نے اس سے بھی پردہ اٹھایا ہے۔

انکارِ حدیث کی نفسیات کو سمجھنے اور موجودہ دور میں ایسی فکر کے تجزیے اور محاکمے کے لیے اس کتاب سے استفادہ بہت مفید ہوگا۔ کتاب کی کمپوزکاری اور پروف خوانی میں سقم رہ گیا ہے۔ بعض حواشی متن کے اندر ہی دے دیے گئے ہیں جس سے عبارت کی روانی میں خلل آ گیا ہے۔ اس اہم کتاب کو پوری احتیاط کے ساتھ پیش کیا جانا چاہیے۔ (ارشاد الرحمٰن)

**اسلام کا عائلی نظام**، مولانا سید جلال الدین عمری۔ ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی، کراچی۔ مکتبہ معارف اسلامی، کراچی۔ ڈی-۳۵، بلاک ۵، فیڈرل بی ایریا، کراچی۔ فون: ۶۸۰۹۲۰۱-۰۲۱۔ صفحات: ۱۷۱۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔

اسلامک ریسرچ اکیڈمی نے پاکستان میں مولانا جلال الدین عمری کی کتب کی اشاعت شروع کی ہے۔ اس سلسلے میں یہ ایک تازہ اور اہم کتاب ہے جس میں آج کے اہم ترین مسئلے، یعنی عورت کے حوالے سے تقریباً تمام ہی مباحث پر اختصار سے گفتگو کی گئی ہے اور اسلامی نقطۂ نظر کو اجتہادی شان سے پیش کیا گیا ہے۔

اب تو یہ کہنے والے بھی ہیں کہ خاندان کی ضرورت ہی نہیں ہے، فاضل مصنف نے اس کا مبسوط و مدلل جواب دیا ہے اور اسلامی خاندان کے خدوخال بیان کیے ہیں۔ صحیح جنسی رویے کے باب میں رہبانیت، اباحیت اور نکاح کے رویوں کو زیر بحث لایا گیا ہے، اور شوہر اور بیوی کے حقوق و ذمہ داریاں، باہمی اختلافات حل کرنے کی تدابیر، چار نکاح کی اجازت کا عدل سے مشروط ہونا اور عورت کی ظلم سے حفاظت، طلاق کا طریقہ وغیرہ بیان کیے گئے ہیں۔

© rasailojaraid.com